آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبرنامہ لےکر میں **سنجو کمار**

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

07.40 PM 25/05/2026

ہیڈ لائنز

*....... صدر جمہوریہ نے اس سال کے پدم ایوارڈ کئے عطا// ایوارڈ پانے والوں میں جموں کشمیر کے پروفیسر شفیع شوق اور برج لال بٹ شامل۔

*....... لیفٹنٹ گورنر کی قیادت مینبانڈی پورہ میں نکالی گئی منشیات مخالف پد یاترا // شرکاءنے منشیات کے خاتمے کا دہرایا عزم ۔

*....... وزیر اعلیٰ نے محکمہ تعلیم کے کئی عارضی ملازمین میں باقاعدگی اور SRO-43 کے اور مستحقین میں کئے تقرر نامے تقسیم ۔

*....... مناسکِ حج کی ادائگی کا سلسلہ آج سے ہوا شروع ۔

ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے آج راشٹر پتی بھون نئی دلی میں منعقد ہوئی ایک پر وقار تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈ عطا کئے ۔

پدم اعزازات تین زمروں پدم وبھوشن//پدم بھوشن// اور پدم شری پر مشتمل ہیں۔

اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا تھا جن میں پانچ پدم وبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔

قابل ذکر ہے کہ اس سال پدم شری پانے والوں میں جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے معروف ماہر تعلیم پروفیسر شفیع شوق اور سماجی شخصیت برج لال بٹ بھی شامل ہیں۔

پد یاترا

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت مختلف اضلاع میں پد یاتراؤنکے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے ، جن میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد اپنے سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کی لعنت کے خلاف اپنے عزم مصمم کا اظہا رکر تے ہیں۔

آج ضلع بانڈی پورہ مینبھی منشیات مخالف پد یاترا نکالی گئی جس کو لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوان قوم کی تعمیر میں ایک اہم رول ادا کرتے ہیں اور انہیں تعمیری سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے ۔ اس موقعہ پر ایل جی نے پد یاترا کے شرکاءکو منشیات کے خلاف اپنی جنگ جاری رکھنے کا عہد دلایا ۔

نشہ مکت ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

نوجوانوں کو اس بدعت سے دوررکھنے کےلئے لازمی اقدامات کے تعلق سے ایک سماجی کارکن اور تاجر حاجی عبدالاحد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

جموں پولیس

منشیات کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے جموں صوبے کے ریاسی ضلعے میں گکریال کے مقام پر ایک تلاشی کاروائی کے دوران اجے شرما نامی منشیات فروش کو گرفتار کیا ہے ۔

ڈوڈہ میں پولیس نے اسی طرح کی ایک کاروائی میں محمد امتیاز نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ۔

کشمیر پولیس

کشمیر صوبے میں منشیات مخالف کاروائیوں کے دوران پولیس نے اننت ناگ ضلعے کے مختلف مقامات سے ضبط کی گئی 522 کلو نشیلی اشیاءکو تباہ کر دیا ۔

اونتی پورہ پولیس کے اہتمام سے منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ۔

شوپیان میں پولیس نے بھنگ کی کاشت کو تباہ کر دیا ۔

بارہمولہ میں وسیم احمد مَنگرال اور محمد سفیر شیخ ، پلوامہ میں محمد اسلم ملک اور نصیر احمد ڈاراور اننت ناگ میں نذیر احمد شیخ اور حذیف احمد گنائی نامی منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا ۔

گلمرگ

سیاحتی مقام گلمرگ میں گنڈولہ کیبل کار میں تکنیکی خرابی پیدا ہونے کے بعد اس کو عارضی طور بند کئے جانے کے فوراً بعد درماندہ ہوئے سیاحوں کو واپس لانے کے لئے فوری کاروائی شروع کی گئی ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا ہے کہ وہ از خود صورتحال پر نگاہ رکھے ہوئے ہیں ۔ انہوںنے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے ساتھ بات کر کے اس بارے میں جانکاری حاصل کی ۔

نلن پربھات گلمرگ پہنچے جہاں وہ آخری اطلاعات ملنے تک راحت DGP ایل جی کی ہدایت پر کاروائی کی نگرانی کر رہے تھے ۔ ہمارے نمائندے کوثر سلام نے گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ سبھی سیاح سلامت ہیں ۔ CEO

وزیر اعلیٰ گلمرگ

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ گلمرگ میں گنڈولہ کیبل کار سروس میں تکنیکی خرابی کے بعد حالات پر کڑی نگاہ رکھی جا رہی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ درماندہ ہوئے سیاحوں کو واپس لانے کے لئے ماہرین کی مدد سے راحت کاروائیاں جاری ہیں ۔

وزیر اعلیٰ تقرر نامے

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج محکمہ اسکولی تعلیم مینعارضی اجرتوں پر کام کرنے والے گاندربل اور بانڈی پورہ اضلاع کے ورکروں کو ان کی ملازمت باقاعدہ ہونے کے تقرر نامے سونپے۔ وزیر اعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ مذکورہ ملازمین تعلیمی منظر نامے میں بہتری لانے کے لئے لگن اور تندہی کے ساتھ کام کرتے رہیں گے ۔اس موقعے پر وزیر تعلیم سکینہ ایتو بھی موجود تھیں۔

وزیر اعلیٰ آرڈر

SRO-43 اِدھر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے کے 52 مستحقین میں نوکریوں کے آرڈر تقسیم کئے ۔ اس موقعہ پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر RAS اور چودھری اور انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیدار موجود تھے ۔

وزیر اعلیٰ ملاقات

ایم ایل اے کولگام ایم وائی تاریگامی ، ایم ایل اے شوپیان شبیر احمد کُلے اور ایم ایل اے بڈگام آغا سید منتظر مہدی نے آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے اپنے
حلقہ

---

انتخاب کی ترقیاتی ضروریات کے بارے میں انہیں آگاہ کیا ۔ ؤ

کلسٹر یونیورسٹی سرینگر کے وائس چانسلر پروفیسر محمد مبین نے بھی وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ وائس چانسلر نے وزیر اعلیٰ کو یونیورسٹی کے تدریسی عمل اور ترقیاتی اقدامات کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی ۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار جموں کشمیر میں غیر معروف سیاحتی مقامات کو سیاحت کے نقشے پر لانے کے لئے وعدہ بند ہے ۔ جنوبی کشمیر کے کولگام ضلعے میں پانچن پتری کے ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ All Terrain مقام پر ٹورازم کیپسٹی بلڈنگ کیمپ کا افتتاح کرنے اور کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ نئے سیاحتی مقامات کو منظر عام پر لانے سے زیادہ سے زیادہ سیاح جموں کشمیر کی سیر پر آئیں گے ۔

NCC

نے آج سرینگر میں وزیر تعلیم Vats کے ڈائریکٹر جنرل ، لیفٹنٹ جنرل وِرندر NCC نیشنل کیڈٹ کور کی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ NCC سکینہ ایتو کے ساتھ ملاقات کر کے انہیں جموں کشمیر میں کے کاموں کی سراہنا NCC کیا ۔ وزیر موصوفہ نے نوجوانوں میں نظم و ضبط پیدا کرنے کے لئے کرتے ہوئے سرکار کی جانب سے اس ادارے کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ تعلیم ، نظم و ضبط اور کھیل The Times of سرگرمیوں میں حصہ لینے پر اپنی توجہ مرکوز کریں ۔ وزیر موصوف جموں میں سے خطاب کر رہے تھے ۔ Expo 2026 کے اہتمام سے منعقدہ ایجوکیشن India

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

حج

آج ذوالحجہ کی8وینتاریخ ہے ۔

Hold... BG Talbia

آج سے مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ شروع ہوا اور لاکھوں کی تعداد میں عازمین کرام نے احرام باندھے ہوئے آج کا پورا دن منیٰ کی وادی میں گزارا۔

کل 9 ذوالحجہ کو نماز فجر کے بعد عازمین ،حج کے رکن عظیم وقوف عرفہ کےلئے میدانِ عرفات روانہ ہو نگے۔

ایل جی درگاہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج آثار شریف درگاہ حضرت بل پر حاضری دے کر عید الاضحی کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے نمازِ عید کے لئے تمام انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی آثار شریف کے امام و خطیب مفتی ریاض الحق ، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ اور انتظامیہ کے دیگر کئی افسران بھی ان کے ہمراہ تھے ۔

عید نماز

اس دوران جموں کشمیر وقف بورڈ نے وادی کی کئی مساجد ، خانقاہوں اور زیارت گاہوں پر نمازِ عید کے اوقات مشتہر کئے ہیں ۔ آثار شریف درگاہ حضرت بل میں نماز عید صبح دس بجے ادا کی جائے گی ۔ آثار شریف جناب صاحب صورہ اور آثار شریف شہری کلاش پورہ میں نمازِ عید صبح نو بجے ، زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب خانیار اور زیارت میر سید یعقوب صاحب سونہ وار میں صبح ساڈھے نو بجے ، زیارت حضرت نقشبند صاحب خواجہ بازار میں صبح دس بجے جبکہ خانقاہِ معلی سرینگر میں نمازِ عید صبح گیارہ بجے ادا کی جائے گی ۔جامع مسجد بابا حنیف الدین ریشی رٹھسُن بیروہ میں عید کی نماز صبح آٹھ بج کر 45 منٹ پر ادا کی جائے گی ۔

جموں کے مرکزی عید گاہ Residency Road میں نماز عید صبح ساڈھے سات بجے ادا کی جا رہی ہے ۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ اُن کی پارٹی نے ہمیشہ جموں کشمیر کے عوام کے سیاسی ، سماجی اور معاشی حقوق کو تحفظ فراہم کیا ہے ۔ سرینگر میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس جموں کشمیر کا خصوصی درجہ بحال کرانے کے اپنے ایجنڈے پر قائم ہے ۔

اس دوران پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ عید الاضحی کے پیش نظر تمام انتظامات مکمل کریں ۔

BJP

جموں کشمیر کے اہتمام سے رام بن اور پتنی ٹاپ میں پنڈت دین دھیال اُپادھیائے پرشکشن مہا BJP ابھیان کے تحت تربیتی پروگرام منعقد ہوئے جن میں پارٹی کے پردیش صدر ست شرما اور جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کے علاوہ کئی دیگر لیڈروں نے شرکت کی ۔

اس دوران پارٹی کے اہتمام سے تلاب تلو جموں میں ایک تنظیمی اجلاس منعقد ہوا جس سے پارٹی کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے خطاب کیا ۔

دریں اثناءپارٹی کے ترجمان ہری دَت شِشو نے جموں کشمیر اور لداخ یوٹیز کے بارے میں پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ کے بیان کو گُمراہ کُن قرار دیا ہے ۔

JDU

جنتا دل یونائیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے عید الاضحی کے سلسلے میں لوگوں کو تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی انتظامیہ سے اپیل کی ہے ۔

بنک

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ بنک کی طرف سے اس سال ایک بڑی Recruitment Drive شروع کی جا رہی ہے ۔

امیتابھ چٹر جی نے آکاشوانی نیوز CEO اس تعلق سے جمونو کشمیر بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ریل

اور اب ریل سے متعلق یہ خبر

شمالی ریلوے نے مسافروں کی سہولیت کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں مال برداری میں آسانی پیدا کرنے کیلئے کئی اہم اقدام کئے ہیں۔

اس سلسلے میں آج علی الصبح قریب پونے چھ بجے جموں سے ممبئی کیلئے ایک خصوصی پارسل وین میں 12ٹن تازہ چیری کی پہلی کھیپ روانہ کی گئی ۔اس اقدام سے جموں کشمیر کا میوہ کم سے کم وقت اور تازگی کی حالت میں متعلقہ منڈیوں تک پہنچنے میں مدد ملے گی۔

کالج داخلے

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریںتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اس تعلق سے کہا۔

NIA

نے آج ایک کیس کے سلسلے میں شوپیان میں واقع دارالعلوم سراج العلوم NIA قومی تحقیقاتی ایجنسی میں تلاشی کاروائی انجام دی ۔مذکورہ دارالعلوم کو گزشتہ مہینے غیر قانونی ادارہ قرار دیا گیا تھا ۔

اس دوران چِترا گام شوپیان میں جماعتِ اسلامی کے سابق سربراہ کے گھر اور لال بازار سرینگر میں جمعیت البنات میں بھی تلاشی کاروائی انجام دی گئی ۔

سپریم کورٹ

امتحانات میں بار بار کی خامیوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ NEET سپریم کورٹ نے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے ماضی کے پیپر لیک تنازعات سے کوئی سبق حاصل نہیں کیا ہے ۔ جسٹس امتحانات کے Entrance پی ایس نرسِمہا اور جسٹس الوک اَرادھے پر مشتمل ایک بنچ نے میڈیکل کی جگہ کسی اور معتبر ایجنسی کے انتخاب کے بارے میں دائر کی گئی ایک عرضی پر NTA لئے سے جواب طلب کیا ہے ۔ CBI اور NTAمرکز،

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نے سبھی قبائلی برادریوں کو یکساں سول کوڈ کے دائرہ عمل سے الگ کرنے کی خصوصی سہولتیں رکھی ہیں، جس کے تحت اس بات کو UCC یقینی بنایا گیا ہے کہ
ا

---

ن کے حقوق پوری طرح محفوظ ہیں۔ نئی دلی میں " جَن جاتیہ سانسکر تِک سماگم" سے خطاب ± سے، قبائلی حقوق ختم نہیں ہوں گے۔ UCC کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ

-----HM----

اوئل

ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں آج ایک بار پھر اضافہ کیا گیا ۔ پیٹرول کی قیمت میں دو روپے 61 پیسے فی لیٹر اور ڈیزل کی قیمت میندو روپے 71 پیسے فی لیٹر کی بڑھوتری کی گئی ہے ۔ یہ پچھلے دو ہفتوں کے دوران پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں چوتھا اضافہ ہے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت23 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 23 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر33منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ